ابصار احمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

"حکمت قرآن" کا زیر نظر پرچہ نئے اسلامی سال یعنی ۱۴۰۴ھ کا پہلا شمارہ ہے۔ محرم الحرام کے چاند پر نظر پڑی تو راقم کی زبان پر یہ مسنون دُعا آگئی اور اس کے الفاظ دل کی گہرائیوں سے نکلتے ہوئے معلوم ہوئے اَللّٰھم اھلہ علینا بالامن والایمان والسلامۃ والاسلام ربی وربك اللہ - ھلال رشد وخیر۔ اللہ تعالےٰ نئے سال کو مسلم ممالک اور اہل اسلام کے لئے خیر و برکت، امن و سلامتی اور اتحاد کا سال بنائیں۔ آمین

اس شمارے میں چند مقالات تو وہ ہیں جو قسط وار چل رہے ہیں۔ مثلاً: مولانا طاسین صاحب کا سلسلہ وار مضمون "مروجہ نظام زمینداری اور اسلام" ۔ اور مولانا محمد تقی امینی صاحب کے محققانہ اور فکر انگیز مضمون "قرآنی علم و فہم کا درجہ حکمت" کی چوتھی قسط۔ علاوہ ازیں گزشتہ محاضرات قرآنی میں مولانا عبید اللہ انور صاحبؒ کا پیش کردہ ایک نہایت وقیع علمی مقالہ بعنوان "نظارۃ المعارف القرآنیہ" شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔ جسے قارئین نہایت ایمان افروز اور معلوماتی پائیں گے۔ مولانا عبید اللہ سندھیؒ کا مقام اس صدی میں سرزمین برصغیر میں کی جانے والی اسلامی احیائی مساعی میں مسلّم اور ناقابل فراموش ہے۔ دہلی میں ادارہ نظارۃ المعارف القرآنیہ کا قیام مولانا کی خدمتِ قرآن کے سلسلے میں کی جانے والی ایک اہم کاوش تھی۔ جس کے بارے میں لوگ بہت کم واقفیت رکھتے

ہیں - مولانا سندھیؒ کا ذکر آیا تو ذہن معاً پروفیسر محمد سرور صاحب کی طرف منتقل ہوگیا جنہوں نے مولانا سندھیؒ کے افکار و نظریات کو بالخصوص ریسرچ کا موضوع بنایا - اگرچہ خود پروفیسر محمد سرور صاحب کا انداز فکر اور مولانا سندھیؒ کے افکار کی ترجمانی بعض حلقوں میں اختلافی رہی لیکن اس حیثیت سے انکار ممکن نہیں کہ پروفیسر محمد سرور صاحب کی کتب نہایت وقیع اور فکر انگیز ہیں - پروفیسر موصوف اس ماہ اچانک ملک سے باہر دبئی میں انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون - میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی علمی و فکری لغزشوں سے درگزر فرمائیں - اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں - آمین -

اس شمارے کے بقیہ مندرجات میں مولانا اسعد گیلانی کا مضمون ، قرآن کی صفات' قابل ذکر ہے -

قارئین "حکمت قرآن" کے لئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام محاضرات قرآنی کا ایک خصوصی پروگرام ماہ حال کی ۲۸ تا یکم نومبر ترتیب دیا گیا ہے - ان محاضرات میں پاکستان اور ہندوستان کے مشاہیر علماء شرکت فرمائیں گے اور مختلف موضوعات پر مقالات پیش فرمائیں گے - انشاء اللہ یہ مقالات آئندہ اشاعتوں کی زینت بنیں گے - اور قارئین "حکمت قرآن" اس طرح ان سے بھرپور استفادہ کر سکیں گے -